# ۹۔ میرا پیارا وطن

سیماب اکبرآبادی

9SAZJ3

**پہلی بات :** ہر انسان کو اپنا وطن عزیز ہوتا ہے۔ اسے اپنے وطن سے محبت ہوتی ہے اس لیے وہ اپنے وطن کی تعریف کرتا رہتا ہے۔ اسے اپنے ہم وطنوں سے بھی محبت ہوتی ہے۔ وطن کی ہر چیز سے اسے پیار ہوتا ہے۔ ذیل کی نظم میں بھی شاعر نے اپنے وطن کی خوب تعریف کی ہے۔

**جان پہچان :** سیماب اکبرآبادی کا اصل نام شیخ عاشق حسین صدیقی تھا۔ وہ ۵/ جون ۱۸۸۲ء کو اکبرآباد (آگرہ) میں پیدا ہوئے۔ ان کی کئی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ 'کلیمِ عجم، کارِامروز' اور 'ساز و آہنگ' ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ انھوں نے اپنی زندگی میں کئی اخبار اور رسالے بھی شائع کیے جن میں 'شاعر' آج بھی جاری ہے۔ ۳۱/ جنوری ۱۹۵۱ء کو ان کا انتقال ہوا۔


ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن

میری عزّت ہے یہ — میری دولت ہے یہ
میری عظمت ہے یہ — میری جنّت ہے یہ

ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن

اس کے دریا بڑے — تازگی سے بھرے
باغ پھولے پھلے — لہلہاتے ہوئے

ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن



اس کے چشمے جواں — اس میں نہریں رواں
جنگل اور وادیاں — اس سے اچھّی کہاں

ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن

یہ وطن ہے مرا — میں ہوں اس پر فِدا
اس پہ رکھے خدا — اپنی رحمت سدا

ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن

**خلاصۂ کلام :** شاعر کہہ رہا ہے کہ میرے وطن میں اونچے اونچے پہاڑ ہیں، بل کھاتے دریا ہیں، سبزہ زار اور لہلہاتے کھیت ہیں، باغوں میں طرح طرح کے پھول کھلے ہیں۔ چشمے اور نہریں رواں ہیں۔ میرا وطن جنّت ہے۔ میری عزّت، دولت اور عظمت میرا وطن ہندوستان ہے۔ وطن پر ہمیشہ اللہ کی رحمت رہے۔

## معنی و اشارات Glossary

| | | |
|---|---|---|
| عظمت | - | بڑائی، بزرگی، شان و شوکت Greatness, magnificence |
| فِدا ہونا | - | بہت محبت کرنا Love |
| رحمت | - | کرم، مہربانی Mercy |
| سدا | - | ہمیشہ Always |

## Exercise مشق

○ **ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

**Answer in one sentence.**

۱۔ شاعر کس کو اپنا وطن کہہ رہا ہے؟

۲۔ شاعر نے اپنے وطن کو کون سے چار لفظوں میں یاد کیا ہے؟

۳۔ ہندوستان کے دریا کیسے ہیں؟

۴۔ شاعر نے باغوں کے بارے میں کیا کہا ہے؟

۵۔ ”اس کے چشمے جواں“ سے کیا مراد ہے؟

۶۔ اپنے وطن کے لیے شاعر کیا دعا کر رہا ہے؟

○ **تشریح کیجیے۔ Explain the couplet.**

اس کے دریا بڑے تازگی سے بھرے
باغ پھولے پھلے لہلہاتے ہوئے
ہند میرا وطن
میرا پیارا وطن

○ **ان لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔**

**Make your own sentences by using the following words.**

عزّت ، دولت ، عظمت ، جنّت ، رحمت

○ **اس نظم کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔**

**Explain the poem in your own words.**

**نظم خوانی (Poem Reading)**

کوئی وطنی نظم تلاش کر کے اسے اپنے ساتھیوں کو جماعت میں سنائیے۔

**سرگرمی/منصوبہ (Project / Activity) :**

۱۔ 'میرا وطن' عنوان پر دس جملوں کا مضمون لکھیے۔

۲۔ اپنی ریاست مہاراشٹر کے محفوظ جنگلوں کے نام لکھیے اور بتائیے کہ یہ کن جانوروں کے لیے مشہور ہیں۔



